BRITISH COLUMBIA

# نیوز ریلیز

فوری ریلیز کیلئے
2021FIN0023-000744
20 اپریل، 2021ء

وزارتِ خزانہ

## مضبوط بحالی کیلئے بنیاد تعمیر کرنے کے دوران بجٹ 2021ء اب لوگوں کی مدد کرتا ہے

وکٹوریہ - 2021ء کا بجٹ وبائی مرض کے دوران لوگوں کی صحت اور معاش کا تحفظ کرنے پر مرکوز ہے، جبکہ خدمات، بنیادی ڈھانچے اور مضبوط بحالی کی مدد کیلئے مواقع اور ہر ایک کیلئے روشن مستقبل میں سرمایہ کاریاں کر رہا ہے۔

2021ء کا بجٹ صحت اور ذہنی صحت کی خدمات، کاروباروں میں مدد، سستی ہاؤسنگ اور چائلڈ کیئر، خاندانوں کیلئے زندگی کو قابل برداشت مصارف کے مطابق رکھتا، اور ملازمتیں پیدا کرنے والی کمیونٹی کے انفراسٹرکچر کو ریکارڈ سطح پر رکھنے کیلئے فوری چیلنجوں کا ازالہ کرتا ہے اور ایک مضبوط بحالی کیلئے بنیاد تیار کرتا ہے۔

پچھلے سال ہم نے جس مشکل کا سامنا کیا ہے، اس کے بعد ہم نے برٹش کولمبیئنز کی بار بار لچک دیکھی ہے جب کمیونٹیوں نے کووِڈ-19 کے چیلنج کا مقابلہ کیا۔ جبکہ ہم اپنے صوبے کی تاریخ میں ویکسینیشن کی سب سے بڑی فراہمی کی کوشش جاری رکھے ہوئے ہیں، تو ہم سرنگ کے آخر میں روشنی دیکھ سکتے ہیں، "سیلینا روبنسن (Selina Robinson)، وزیر خزانہ نے کہا۔ "ہم جانتے ہیں کہ بحالی راتوں رات رونما نہیں ہوگی، لیکن ایسی چیزوں پر توجہ مرکوز کرکے جو زیادہ تر لوگوں کیلئے اہمیت رکھتی ہیں، ہم اس بات کو یقینی بنا سکتے ہیں کہ آگے ہر ایک کیلئے بہتر دن ہیں۔"

### صحت کی بہتر نگہداشت

- ٹیسٹنگ، رابطے کا پتہ لگانے، ذاتی حفاظتی سازوسامان اور بی۔ سی۔ کی تاریخ میں ویکسین کی سب سے بڑی فراہمی کیلئے 900 ملین ڈالر کی نئی فنڈنگ کے ساتھ لوگوں کو وبائی مرض کے دوران محفوظ رکھنا۔
- مریضوں کی سرجری تک تیز رسائی حاصل کرنے اور تشخیصی امیجنگ کیلئے انتظار کے تھوڑے اوقات کیلئے مدد کرنا۔
- بزرگوں کیلئے بہتر نگہداشت، بشمول طویل مدتی نگہداشت کی سہولیات اور بہتر گھریلو نگہداشت میں ہزاروں کا نیا عملہ۔
- اسکولوں میں ذہنی صحت کی زیادہ مدد، مزید فاؤنڈری سینٹرز، بچوں اور نوجوانوں کی مدد کرنے والی مربوط ٹیموں کی تعداد کو چار گنا کرنا، اور حد سے زیادہ بحران کا جواب دینے کیلئے اقدامات میں توسیع - بی۔ سی۔ کی تاریخ میں ذہنی صحت اور ایڈکشنز کی خدمات سب سے بڑی سرمایہ کاری۔
- ہسپتالوں کی تعمیر کرکے گھر کے قریب بہتر نگہداشت فراہم کرنا، بشمول نیا سرے ہسپتال اور کینسر سینٹر، اور بی۔ سی کے ارد گرد نئے فوری اور بنیادی نگہداشت کے مراکز شامل ہیں۔
- صحت کی نگہداشت میں نظامی نسل پرستی سے نمٹنا اور مقامی لوگوں کی ثقافتی لحاظ سے مناسب نگہداشت تک رسائی کو یقینی بنانا۔

### لوگوں اور کاروباروں کی مدد کرنا

- 12 سال یا اس سے کم عمر بچوں کیلئے مُفت پبلک ٹرانسپورٹیشن کے ساتھ خاندانوں کیلئے ایک سال میں فی بچہ 672 ڈالر کی بچت کرنا۔

- ایک دن کے 10 ڈالر میں چائلڈ کیئر والی جگہوں کی تعداد دوگنا کرکے، ابتدائی بچپن کے معلمین کیلئے اجرت میں اضافہ کو دوگنا کرکے، اور جگہوں کی تعمیر اور توسیع جاری رکھ کر سستی، معیاری چائلڈ کیئر تلاش کرنے کو آسان بنانا۔
- ایب اوریجنل ہیڈ اسٹارٹ پروگرام کے ذریعہ 400 مزید جگہیں تشکیل دینا جو دیسی خاندانوں کو ثقافتی طور پر متعلقہ بچوں کی دیکھ بھال فراہم کریں۔
- بی سی ریکوری بینیفٹ کیلئے مالی اعانت جاری رکھنا، جس نے آج تک 2.5 ملین سے زائد برٹش کولمبیئنز کی مدد کی ہے اور یہ خاندانوں اور سِنگل پارٹنرز کو 1,000 ڈالر تک، اور افراد کیلئے 500 ڈالر فراہم کرتا ہے۔
- پہلی مرتبہ سینئرز کے سپلیمینٹ میں اضافہ کرکے 80,000 کم آمدنی والے بزرگوں کی مدد کرنا۔
- آمدنی میں مدد اور معذوری میں مدد کی شرحوں میں اب تک کا سب سے بڑا مستقل اضافہ کرکے ان لوگوں کی مدد کرنا جو سب سے زیادہ جدو جہد کر رہے ہیں، جو 2017ء کے بعد سے آمدنی میں 53% اضافہ ہے۔
- بہت سی گرانٹس اور فنڈنگ کے ساتھ ریزیلئنس آف بی۔سی۔ کے کاروباروں کو سپورٹ کرنا، جو کچھ فوری ضرورتوں کے جواب میں پہلے ہی متعارف کروائی جا چکی ہیں، تاکہ کاروباروں کو موافقت اور بڑھنے میں مدددی جائے۔
- سیاحت کے کاروباروں اور کمیونیٹیز کو وبائی مرض کے دوران کامیابی میں مدد دینا اور جب سیاح بحفاظت واپس آسکتے ہوں، تو یہ ترقی کیلئے تیار ہوں۔
- کیمپ گراؤنڈز اور ٹریلز کو بہتر بنانا، جبکہ 2022ء سے، ہر سال صوبے میں 100 نئی کیمپ سائٹس شامل کرنا۔

**مضبوط معاشی بحالی کیلئے بنیاد تیار کرنا**

- 85,000 سے زائد ملازمتیں پیدا کرنا اور بنیادی ڈھانچے کی ریکارڈ سرمایہ کاری کے ساتھ بی۔ سی۔ کے اردگرد کی کمیونٹیوں کو مضبوط کرنا - اس بجٹ میں 3.5 بلین ڈالر کا اضافہ۔
- پوسٹ سیکنڈری تعلیم اور مہارتوں کے تربیتی پروگراموں میں سرمایہ کاری کے ذریعے صحت کی نگہداشت جیسے شعبوں میں ہزاروں افراد کو نئی ملازمتیں تلاش کرنے میں مدد دینا۔
- اس بات کو یقینی بنانا کہ اسٹرانگر بی سی فیوچر لیڈرز پروگرام کے توسط سے 5,000 سے زائد نوجوانوں ملازمتیں، انٹرنشپ اور کو آپس میں جاتے ہیں، اور 3,000 طلباء کام میں نئی یکجائی اور سیکھنے کی تعیناتی سے مستفید ہوتے ہیں۔
- درمیانی آمدنی والے خاندانوں کیلئے 9,000 نئے گھروں کی تعمیر 2 بلین ڈالر کی ترقیاتی مالی اعانت کے ساتھ کرنا۔
- 120 ملین ڈالر کے ساتھ سیاحت کے کاروبار اور کمیونٹیوں کی امداد کرنا، جس میں مستقبل میں آنے والے وزٹرز کیلئے ٹریلز اور ائرپورٹوں میں بہتریوں جیسے نئے سیاحت کے انفراسٹرکچر کے ذریعہ تیاری کرنے کیلئے گرانٹس شامل ہیں۔
- اخراج کو کم کرنا، معاشروں کی حفاظت کرنا، معیشت کو وسعت دینا اور کلین بی سی انویسٹمینٹس میں اضافی 506 ملین ڈالر کے ذریعہ کیریئر تیار کرنا۔
- بی۔ سی۔ میں رابطے کو بہتر بنانے کیلئے سالانہ فنڈنگ کو مستقل بنانا۔
- آئی این بی سی (InBC) کی فراہم کردہ فنڈنگ کے ذریعے بی۔ سی۔ میں زیادہ ممکنہ طور پر بڑھنے والے کاروباروں کی مدد کرنا، 500 ملین ڈالر کا اسٹریٹیجک سرمایہ کاری کا فنڈ جو معاشی، ماحولیاتی اور سوشل منافع فراہم کرے گا۔

"اس وبائی مرض کے شروع ہونے کے بعد سے، ہم نے برٹش کولمبیئنز کیلئے وسیع پیمانے پر امداد کی فراہمی کی جو اس بات سے پریشان تھے کہ ہماری زندگیاں کتنی جلد الٹ پلٹ ہوگئی تھیں، "رابنسن نے کہا۔ "بجٹ 2021ء ہر اس چیز سے تیار کیا گیا ہے جو ہم نے پچھلے سال سیکھی ہے تاکہ اب لوگوں کی مددجاری رکھیں، جب کہ اپنے صوبے میں لوگوں اور کاروباروں کی بنیاد رکھ رہے ہیں تاکہ ان مواقع سے فائدہ اٹھائیں جو بحالی پر پیش آئیں گے۔"

جب سے صوبے نے اپنا آخری بجٹ جاری کیا ہے، دنیا ڈرامائی انداز میں تبدیل ہوچکی ہے۔ 2020ء میں بی۔ سی۔ کے اصلی مجموعی گھریلو پراڈکٹ (جی ڈی پی) میں 5.3% فیصد کمی کا تخمینہ لگایا جاتا ہے۔ کیونکہ بحالی جاری ہے، بی۔ سی۔ کی حقیقی جی ڈی پی میں 2021ء میں 4.4% اور 2022ء میں 3.8% فیصد اضافے کی پیش گوئی کی گئی ہے، جو اگلے سال تک وبائی مرض پھیلنے سے پہلے کی سطح تک پہنچے گا۔ 2021-22ء سے، اگلے تین سالوں میں مستقل کم ہونے والے خسارے کی توقع کی جاتی ہے۔

نو بیک گراؤنڈرز آ رہے ہیں۔

**رابطہ:**

وزارتِ خزانہ
میڈیا ریلیشنز
250 387-5710

---